© rasailojaraid.com



ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: تذکرہ وسوانح حضرت مولانا سید اسعد مدنیؒ مرتب :مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: 513 صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابو ہریرۃؓ خالق آباد نوشہرہ

نسل نو کی آگہی و اصلاح کے لئے مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ نے ایک عرصہ سے اکابرین دیوبند کی سیرت و سوانح پر کام کا بیڑہ اٹھا رکھا ہے۔ بقول بقیۃ السلف حضرت مولانا قاضی عبدالکریم کلاچوی مدظلہ فاضل دیوبند: ''حقانی صاحب تذکار الصالحین کے مبارک مرض کے بیمار ہیں۔'' زیرنظر کتاب بھی اسی سلسلے کا نیا اور تازہ نقش ہے۔ عظیم باپ کے عظیم فرزند حضرت مولانا اسعد مدنی جو امسال ۷ محرم ۱۴۲۷ھ کو اس دار فانی سے کوچ کر گئے' ہمہ گیر' ہمہ جہت اور ہمہ پہلو شخصیت کے حامل تھے۔ درس و تدریس' تحریر و تقریر' تدبیر و سیاست' سلوک و ارشاد' دعوت و تبلیغ' اصلاح و فلاح معاشرہ' خدمت خلق' بقاء و قیام مدارس و مکاتب' ملت کی شیرازہ بندی غرض ہر میدان میں آپ نے قائدانہ کردار ادا کیا۔ یہ کتاب اگرچہ کسی ایک مصنف کی تصنیف تو نہیں جس میں تسلسل اور ربط ہوتا ہے تاہم حقانی صاحب کی حسنِ ترتیب نے اربابِ قلم کے منتشر مضامین کے موتیوں کو ایک لڑی میں پیرو کر تسلسل اور ربط پیدا کر دیا۔

کتاب کی ابتداء شیخ العرب والعجم مولانا حسین احمد مدنیؒ کے مکتوب بنام فرزند اور اختتام انکے معمولات پر ہوئی ہے۔ چودہ ابواب ۹۲ منثور اور ۳۸ منظوم مقالات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں ایک باب مستقل طور پر مولانا اسعد مدنیؒ کا اپنے استاد جدی المکرم شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ سے تعلق خاطر' مکاتبت' مولانا سمیع الحق مدظلہ سے ربط' جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں تشریف آوری اور خطبات سے متعلق ہے۔ حضرت مدنیؒ کے شیدائیوں کیلئے یہ ایک بہترین اور عمدہ و انمول تحفہ ہے۔ (مولانا عرفان الحق)

---

کتاب: تیسری جنگِ عظیم اور دجال مصنف: مولانا عاصم عمر

ضخامت: ۳۲۶ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: الغازی ویلفیئر ٹرسٹ باغ آزاد کشمیر

آخری جنگِ عظیم کب ہونے والی ہے؟ یہودی انسانیت کو تباہی کی طرف کیسے دھکیل رہے ہیں؟ آپ کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سروں پر خطرات کے بادل منڈلا رہے ہیں۔کیا دجال آنے والا ہے؟ یہودی دجال کے لئے اتنے بے چین کیوں ہیں؟ کیا عالمی ادارے اور ملٹی نیشنل کمپنیاں دجال کے لئے راہ ہموار کر رہی ہیں؟ دنیا میں جاری کفر و اسلام کی جنگیں کیا رُخ اختیار کریں گی؟ فتنہ دجال سے آپ اپنے ایمان کو کیسے بچائیں؟ یہ اور اس طرح کے دیگر سوالات کے جوابات جاننے کے لئے معرکۃ الاراء کتاب تیسری جنگ عظیم اور دجال کا مطالعہ از حد ضروری ہے۔فاضل مؤلف نے انتہائی عرق ریزی سے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔

کتاب کی ثقاہت کے لئے دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدنی مدظلہ کا اسم گرامی کافی ہے جنہوں نے اپنی مؤقر تقریظ میں زیر نظر کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا ہے''محترم و مکرم حضرت مولانا عاصم عمر صاحب کی گراں قدر زریں تالیف ''تیسری جنگ عظیم اور دجال'' کے اہم چیدہ چیدہ موضوعات کے مطالعہ سے دل و دماغ منور اور معطر ہوئے۔ایمانی احساسات میں ایک عجیب حرارت محسوس ہوئی' دل سے بے اختیار دعائیں نکلیں۔رب العالمین حضرت مولانا عاصم عمر صاحب کی اس عظیم علمی' تحقیقی محنت و مشقت کو شرف پذیرائی عطا فرما کر اس کا صلہ مولانا موصوف کو دارین میں عطا فرمائے اور فرزندانِ توحید کو اس بیش بہا روح پرور کتاب سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔حضرت مولانا فضل محمد صاحب' استاذ حدیث جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی اس کتاب کے بارے میں رقمطراز ہیں:

''محترم جناب مولانا عاصم عمر صاحب مدظلہ مجاہدین کے جانے پہچانے خطیب اور عملی جہاد میں شریک پر عزم نوجوان مجاہد ہیں۔انہوں نے حضور ﷺ کی پیش گوئیوں کو اکٹھا کیا' جو کہ حضور ﷺ نے قیامت تک آنے والے واقعات کے متعلق فرمائی ہیں۔مولانا نے ان تمام پیش گوئیوں کو بہت ہی اچھے انداز میں جمع کیا ہے۔اور پھر ان کی روشنی میں موجودہ دنیا اور اس میں رونما ہونے والے واقعات پر گہری نگاہ ڈالی ہے' اور پھر امت کے ہر صاحب دل مرد و خواتین اور چھوٹوں بڑوں کے دلوں کو جھنجھوڑا ہے' خواب غفلت میں پڑے ہوئے مسلمانوں کو جگانے کی کوشش کی ہے اور ان کو میدانِ جہاد کی طرف آنے کی پوری پوری دعوت دی ہے' اور مستقبل کے تمام خطرات سے ان کو آگاہ کیا ہے۔اس وقت مسلمانوں کو ایسی کتاب کی اشد ضرورت تھی' میرے خیال میں یہ کتاب انشاءاللہ تمام مسلمانوں کے لئے نہایت مفید ہوگی۔(مولانا ابراہیم فانی)

---

**خط و کتابت کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے**

© rasailojaraid.com